**SET-1**

**Series : SSO/1/C**

کوڈ نمبر
Code No. **264/1/1**

**Roll No.** | | | | | | | | رول نمبر

Candidates must write the Code on the title page of the answer-book.

- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں چھپے صفحات کی تعداد **15** ہے۔
- پرچہ کے اُوپر دائیں طرف چھپا کوڈ نمبر طلبا کو اپنی جواب کاپی کے اُوپری صفحہ پر لِکھنا ہوگا۔
- آپ جانچ لیجئے کہ اِس پرچہ میں **23** سوال ہیں۔
- **کسی سوال کا جواب لِکھنا شروع کرنے سے پہلے اُسکا سلسلہ وار نمبر جواب کاپی میں لکھ لیجئے۔**
- پرچہ کے سوالوں کو پڑھنے کے لئے آپکو 15 منٹ کا زائد وقت مہیا کیا گیا ہے۔ پرچہ 10 بجکر 15 منٹ تک طلبا میں بانٹ دیا جائیگا۔ 10 بجکر 15 منٹ سے 10 بجکر 30 منٹ تک کے وقت میں آپ پرچہ کے سوالات کو پڑھینگے۔ اِس وقت کے دوران آپ سوالوں کے جواب لکھنا شروع نہیں کر سکتے۔

- Please check that this question paper contains **15** printed pages.
- Code number given on the right hand side of the question paper should be written on the title page of the answer-book by the candidate.
- Please check that this question paper contains **23** questions.
- **Please write down the Serial Number of the question before attempting it.**
- 15 Minutes time has been allotted to read this question paper. The question paper will be distributed at 10.15 a.m. From 10.15 a.m. to 10.30 a.m., the students will read the question paper only and will not write any answer on the answer-book during this period.

# اکاؤنٹینسی (کھاتہ داری)

# ACCOUNTANCY

مقررہ وقت : 3 گھنٹے | کُل نمبر : 80

*Time allowed : 3 hours]* | *[ Maximum marks : 80*

**عام ہدایات :**

*(i)* اِس پرچہ کے تین حصّے **A**، **B** اور **C** ہیں۔

*(ii)* حِصّہ **A** سبھی طُلبا کے لئے **لازمی** ہے۔

*(iii)* حِصّہ **B** (مالیاتی بیان کا تجزیہ) اور حِصّہ **C** (کمپیوٹری کھاتہ داری) میں سے کوئی **ایک** حِصّہ کا جواب دینا ہے۔

*(iv)* کسی ایک سوال کے **سبھی** حِصّوں کے جواب ساتھ ساتھ لکھئے۔

## حِصّہ - A

## (شراکتی فرموں اور کمپنیوں کے لیے کھاتہ داری)

## (Accounting for Partnership Firms and Companies)

1. جب نئے شراکت دار ساکھ کے لیے نقد رقم لاتے ہیں تو یہ رقم جمع ہوتی ہے

(a) وصولی کھاتے میں (b) نقد کھاتے میں

(c) ساکھ کے لیے پریمیم کھاتے میں (d) ازسرِ قدرو قیمت کے کھاتے میں 1

2. کانہا، نیرج اور آشا ایک کمپنی میں ساجھے دار ہیں۔ انھوں نے اپنے مکان مالک راگھو کو کمپنی میں ساجھے دار بنایا۔ راگھے منافع میں سرمایے اور ساکھ پر یمیم کے لیے رقم لایا۔ ساجھے دار بننے سے پہلے راگھے نے کمپنی کو 10% سالانہ کی شرحِ سود سے ₹ 1,00,000 کا قرض دیا ہوا تھا۔ اب کمپنی کا اکاؤنٹنٹ زور دے رہا ہے کہ قرض پر 6% سالانہ کی شرح سے سود ادا کیا جائے۔ کیا اس کا ایسا کرنا صحیح ہے؟ اپنے جواب کی دلیل میں وجوہات بیان کیجیے۔ 1

3. ایک ساجھے دار کے ریٹائر ہو جانے یا ہٹ جانے پر ازسرِ قدرو قیمت پر منافع کس سرمایہ کھاتے داروں کو ادا کیا جائے گا؟

(a) ریٹائر ہونے والے ساجھے دار کو

(b) تمام ساجھے داروں کو، ان کے پرانے منافع کے تناسب سے

(c) باقی ساجھے داروں کو، اُن کے پرانے منافع کے تناسب سے

(d) باقی ساجھے داروں کو، اُن کے نئے منافع کے تناسب سے 1

4. کوئی کمپنی قرض ناموں (ڈبینچرز) کے اجرا کا اثاثہ کیوں بناتی ہے؟ 1

5. اِجرائی سرمایے کا وہ حصّہ جس کا استعمال صرف کسی کمپنی کے بند ہونے کے وقت کیا جاتا ہے، اُس کہتے ہیں؟

(a) اندراجی سرمایہ (b) محفوظ سرمایہ

(c) طلب کردہ سرمایہ (d) سرمایہ کا اثاثہ 1

6. 'نفع اور نقصان تصرّف کھاتہ' اور 'نفع اور نقصان معلّق کھاتے' میں فرق واضح کیجیے۔ 1

7. نیشت آٹو موبائلس کمپنی ہندوستان میں کم لاگت کی گاڑیاں بنانے والی ایک کمپنی ہے۔ اس کمپنی کا فروخت اور تقسیم کا مضبوط نیٹ ورک ہے جو پورے ملک میں پھیلا ہوا ہے۔ یہ کمپنی گاڑیوں کو بنانے کے مختلف عمل میں ماحولیاتی تحفظ کے اعلیٰ معیارات پر عمل کرتی ہے۔ یہ ایک اسکول چلاتی ہے تاکہ کمپنی کے ملازمین کے بچوں کو معیاری تعلیم مہیّا کر سکے اور تعلیم بالغان کا مرکز بھی چلاتی ہے تاکہ بالغ افراد لکھنا پڑھنا سیکھ سکیں اور بنیادی خواندگی حاصل کریں۔ کمپنی کا کاروبار اچھا چل رہا ہے اور وہ امید کرتی ہے کہ آئندہ بازار میں اس کی تیارکردہ گاڑیوں کی مانگ بڑھے گی۔ اس لیے کمپنی نے اُڑیسہ کے ایک پسماندہ علاقے میں ایک نیا مینوفیکچرنگ یونٹ قائم کرنے کا فیصلہ کیا تاکہ وہاں کے لوگوں کو روزگار ملے، بالخصوص اُن لوگوں کو جو دیہی ہندوستان میں معاشرے کے محروم طبقوں سے تعلق رکھتے ہیں۔ اس کے لیے درکار رقم اکٹھا کرنے کی غرض سے کمپنی نے 100 ₹ کے 70,000 ایکوٹی حصص 40 ₹ کے 9 فیصد والے 60,000 ڈبینچرز جاری کرنے کا فیصلہ کیا۔ کمپنی کی کتابوں میں حصص اور 9% ڈبینچرز جاری کرنے کے لیے درکار روزنامچہ اندراجات کیجیے اور کسی ایسی قدر کی نشاندہی کیجیے جسے کمپنی سماج تک پہنچانا چاہتی ہے۔ **3**

8. کسی کمپنی کا حاصل کردہ اوسط منافع 75,000 ₹ ہے جس میں اوسط کی بنیاد پر 5,000 ₹ کے اسٹاک کا اقل ادر شامل ہے۔ کاروبار میں 7,00,000 کا سرمایہ لگایا گیا ہے اور منافع کی معمول کی شرح 7% ہے۔ بہت زیادہ منافع کے پانچ گنا کی بنیاد پر کمپنی کی ساکھ کا حساب لگائیے۔ **3**

9. الکا لمٹیڈ نے 1,000 ₹ کے 10% والے 5,000 ڈبینچرز کو 10% کے بٹّے پر کیا۔ قرض ناموں کی باز ادائیگی 5 سال بعد 5% کے پریمیم پر کی جائے گی۔ اجرا کی شرائط کے مطابق 500 ₹ کی ادائیگی درخواست پر اور باقی رقم کی ادائیگی قرض ناموں کے الاٹمنٹ پر کی جانی ہے۔ 10% قرض ناموں کے اجرا کے لیے درکار روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ **3**

10. یکم اپریل، 2012 کو ایک کمپنی نے 100 ₹ کے 8% والے 2,000 قرض ناموں کا اجرا 20 ₹ فی قرض نامے کے پریمیم پر کیا۔ قرض ناموں کی بازادائیگی 20 ₹ فی قرض نامے کے پریمیم پر کیا جانا تھا۔ اجرا کی شرطوں کے مطابق 31 مارچ، 2014 سے شروع کرکے کمپنی کی خواہش کے مطابق کھلے بازار سے خرید کر یا ڈرا کے ذریعے 20,000 ₹ کے قرض ناموں کی بازادائیگی ہر سال کی جانی تھی۔
31 مارچ، 2014 کو کمپنی نے کھلے بازار سے بازادائیگی کرنے کے لیے 16,000 ₹ کے قرض ناموں کو 95 ₹ فی قرض نامے اور 4,000 ₹ کے قرض ناموں کو 90 ₹ فی قرض نامے پر خریدا۔
قرض ناموں کی بازادائیگی کے لیے روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ **3**

11. عالیہ، کرن اور شلپا ایک کمپنی کے ساجھے دار تھے اور 2 : 3 : 5 کے تناسب سے منافع تقسیم کرتے تھے۔ ان کی کتابوں میں 60,000 ₹ کی ساکھ دکھائی گئی ہے۔ کتابوں میں 20,000 ₹ کا معمول کا اثاثہ بھی دکھایا گیا ہے۔ کرن نے کمپنی سے الگ ہونے کا فیصلہ کیا۔ اس کے الگ ہونے کی تاریخ کو کمپنی کی ساکھ کی قدروقیمت 2,40,000 ₹ لگائی گئی۔ عالیہ اور شلپا کے بیچ نئے منافع کا تناسب 3 : 2 تھا۔

کرن کے ریٹائر ہونے پر درکار ضروری روزنامچہ اندراجات کیجیے۔ 4

12. 31 مارچ، 2014 کو پوجا، قریشی اور روس، جو ایک ساجھے دار کمپنی کے ساجھے دار تھے، کی بیلنس شیٹ درج ذیل تھی :

**31 مارچ، 2014 کو تختہ توازن (بیلنس شیٹ)**

| واجبات | | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|---|
| مختلف لین دار | | 2,50,000 | عمارت | 2,60,000 |
| محفوظ فنڈ | | 2,00,000 | سرمایہ کاری | 1,10,000 |
| سرمایہ : پوجا | 1,50,000 | | قریشی کا قرض | 1,00,000 |
| قریشی | 1,00,000 | | دین دار | 1,50,000 |
| روس | 1,00,000 | 3,50,000 | اسٹاک | 1,20,000 |
| | | | نقد | 60,000 |
| | | **8,00,000** | | **8,00,000** |

1 جولائی، 2014 کو قریشی کا انتقال ہو گیا۔ ساجھے داروں کے منافع کا تناسب 1 : 1 : 2 تھا۔ کسی ساجھے دار کے انتقال کی صورت میں ساجھے داری معیارے میں مندرجہ ذیل نکات کئے گئے تھے :

(i) انتقال کی تاریخ تک کمپنی کے منافع میں اس کے حصّے کا حساب پچھلے تین سالوں کے اوسط منافع کی بنیاد پر گنایا جائے گا۔

(ii) کمپنی کی ساکھ کی قدروقیمت پچھلے دو برسوں کے کُل منافع کی بنیاد پر کی جائے گی۔

(iii) فرم کے ذریعے کسی ساجھے دار کو دیے قرض پر سود 6% فی سال کی شرح سے یا 4,000 ₹، ان میں سے جو بھی زیادہ ہو، وہ دیا جائے گا۔

(iv) پچھلے تین برسوں کا منافع 48,000 ₹ ؛ 45,000 ₹ اور 33,000 ₹ تھا۔

قریشی کا سرمایہ کھاتہ تیار کیجیے تاکہ اُس کے وصی (ایگزیکیوٹر) کو دکھایا جا سکے۔ 4

13. (a) نیچے دیے گئے روزنامچہ اندراجات میں خالی جگہوں کو بھریے :

| تاریخ | تفصیلات | F | نام (₹) | جمع (₹) |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | ______ | |
| | ______ ڈیبٹ | | ______ | |
| | شیئر ضبطی کھاتے سے | | | 3,000 |
| | شیئر الاٹمنٹ کھاتے سے | | | ______ |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتے سے | | | ______ |
| | (₹ 10 کے 1,000 شیئر جنھیں ₹ 2 فی شیئر کے پریمیم پر جاری کیا گیا تھا اور جن پر ₹ 8 فی شیئر مانگا گیا تھا (₹ 2 پریمیم سمیت) کا پریمیم سمیت ₹ 5 الاٹمنٹ رقم فی حصّہ اور ₹ 2 فی حصّہ فرسٹ کال کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبطی (ضبط کیے گئے) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | 9,800 | |
| | شیئر کیپٹل کھاتے سے | | | ______ |
| | ______ سے | | | ______ |
| | (₹ 14 فی حصص کی نئی شرح سے 700 حصص کا دوبارہ اجرا) | | | |
| | شیئر ضبطی کھاتے سے ڈیبٹ | | ______ | |
| | محفوظ سرمایہ کھاتہ سے | | | ______ |
| | (ضبط کیے گئے شیئروں کے دوبارہ اجرا پر منافع کی محفوظ سرمایہ کھاتے میں منتقلی) | | | |

(b) نیچے دیے گئے روزنامچہ اندراجات میں خالی جگہوں کو بھریے :

| تاریخ | تفصیلات | F | نام (₹) | ڈیبٹ (₹) |
|---|---|---|---|---|
| | شیئر کیپٹل کھاتہ ڈیبٹ | | 80,000 | |
| | | | | _______ |
| | شیئر ضبطی کھاتے سے | | | _______ |
| | __________ سے | | | 30,000 |
| | شیئر فرسٹ کال کھاتے سے | | | |
| | (100 ₹ والے 1,000 شیئروں کو، جنھیں 80 ₹ فی شیئر مانگا گیا تھا اور جنھیں 10% کے بٹّے پر جاری کیا گیا تھا، 30 ₹ فی شیئر کی فرسٹ کال رقم کی ادائیگی نہ کرنے پر ضبط کیا گیا) | | | |
| | بینک کھاتہ ڈیبٹ | | _______ | |
| | _______ ڈیبٹ | | _______ | |
| | شیئر کھاتے سے ڈیبٹ | | | _______ |
| | (70 ₹ فی شیئر کی شرح سے 80 ₹ ادائیگی کردہ 400 شیئروں کو پھر جاری کیا گیا) | | | |
| | شیئر ضبطی کھاتے سے ڈیبٹ | | _______ | |
| | کیپٹل ریزرو کھاتے سے | | | _______ |
| | (ضبط کیے گئے شیئروں کے دوبارہ اجرا پر منافع کی کیپٹل ریزور میں منتقلی) | | | |

14. پارتھ اور شِویکا ایک کمپنی میں ساجھے دار تھے اور 2 : 3 کے تناسب سے منافع تقسیم کرتے تھے۔ 31 مارچ، 2014 کو کمپنی کی بیلنس شیٹ اس طرح تھی :

| واجبات | رقم (₹) | اثاثے | رقم (₹) |
|---|---|---|---|
| مختلف قرض خواہ (لین دار) | 80,000 | بینک | 1,72,000 |
| شِویکا کی بہن کا قرض | 20,000 | قرض دار (دین دار) | 27,000 |
| سرمایہ : پارتھ 1,75,000 | | اسٹاک | 50,000 |
| شِویکا 1,94,000 | 3,69,000 | فرنیچر | 2,20,000 |
| | **4,69,000** | | **4,69,000** |

مذکورہ تاریخ کو کمپنی تحلیل ہوگئی۔ اثاثوں کی وصولی اور واجبات کی ادائیگی مندرجہ ذیل طریقے سے کی گئی :

(a) پارتھ نے 50% فرنیچر کتابی قیمت سے 20% کم پر لے لیا۔ باقی فرنیچر کو ₹ 1,05,000 پر فروخت کر دیا گیا۔

(b) قرض خواہوں سے ₹ 26,000 حاصل ہوئے۔

(c) شِویکا نے ₹ 29,000 میں اسٹاک لے لیا۔

(d) شِویکا کی بہن کے قرض کی ادائیگی ₹ 2,000 کے سود کے ساتھ کر دی گئی۔

(e) وصولی پر اخراجات ₹ 5,000 تھے۔

وصولی کھاتہ، ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ اور بینک کھاتہ تیار کیجیے۔ 6

15. 31 مارچ، 2014 کو منافع اور رقم نکالے جانے یعنی وصولی (ڈرائنگس) کے ایڈجسٹ کے بعد ایلن، مونو اور احمد کے سرمایہ کھاتوں میں بالترتیب ₹ 1,20,000 ؛ ₹ 1,60,000 اور ₹ 80,000 باقی تھے۔ اس کے بعد یہ معلوم ہوا کہ سرمایے اور وصولی پر سود نہیں لگایا گیا ہے۔

- 31 مارچ، 2014 کو ختم ہوئے سال میں منافع ₹ 40,000 تھا۔
- سال کے دوران ایلن ار مونو دونوں نے برابر قسطوں میں ہر مہینے کے شروع میں کُل ₹ 24,000 نکالے تھے اور احمد نے برابر قسطوں میں ہر ماہ کے آخر میں کُل ₹ 48,000 نکالے تھے یا وصول کیے تھے۔
- وصولی پر 5% فی سال کی شرح سے سود لینا تھا اور سرمایے پر 10% فی سال کی شرح سے سود دینا تھا۔
- ساجھے داروں کے درمیان منافع کی تقسیم کا تناسب 2:1:1 تھا۔

اپنے ورکنگ نوٹس کو صاف طور پر دکھاتے ہوئے ایک ضروری ترمیمی اندراج کیجیے۔ 6

16. رولگا لمٹیڈ کا منظور سرمایہ (اتھارائزڈ کیپٹل) 50,00,000 ₹ ہے اور یہ 100 ₹ والے ایکوٹی شیئروں میں تقسیم ہے۔
کمپنی نے عوام کے لیے 42,000 شیئر جاری کیے۔ رقم کی ادائیگی درج ذیل طریقے سے ہونی تھی :

درخواست پر - 30 ₹ فی شیئر

الاٹمنٹ پر - 40 ₹ فی شیئر (پریمیم سمیت)

فرسٹ کال پر - 50 ₹ فی شیئر

40,000 شیئروں کے لیے درخواستیں موصول ہوئیں۔

مندرجہ ذیل کو چھوڑ کر سبھی رقومات موصول ہوگئیں :

لال نے جس کے پاس 100 شیئر تھے، الاٹمنٹ اور کال رقم کی ادائیگی نہیں کی۔

پال نے جس کے پاس 200 شیئر تھے، کال رقم کی ادائیگی نہیں کی۔

کمپنی نے لال اور پال کے شیئروں کو ضبط کر لیا۔ اس کے بعد ضبط کیے گئے شیئروں کو 70 ₹ فی شیئر کی نظرِ ثانی شدہ قیمت سے دوبارہ جاری کر دیا گیا۔ اس لین دین کے لیے کمپنی کی نقد کتاب (کیش بک) اور روزنامچے میں اندراجات کیجیے۔ 8

یا

ممتا فیب لمٹیڈ نے 100 ₹ والے 50,000 شیئروں کو 10% کے بٹے پر جاری کیا جن کے لیے درخواست پر 20 ₹ ، الاٹمنٹ پر 30 ₹ اور فرسٹ اور فائنل کال پر فی شیئر 20 ₹ ادا کرنے تھے۔ 75,000 شیئروں کے لیے درخواست موصول ہوئیں۔ 25,000 شیئروں کے درخواست گزاروں کو معذرتی خط بھیج کر ان کی درخواست رقم واپس کر دی گئی۔

موہن، ایک شیئر ہولڈر نے اپنے 1,500 شیئروں پر الاٹمنٹ رقم کی ادائیگی نہیں کی۔ اس رقم کی ادائیگی اس نے فرسٹ کال کے ساتھ کی۔

ایک شیئر ہولڈر رمن نے، جس کے پاس 500 شیئر تھے، دونوں کال کی ادائیگی الاٹمنٹ کے ساتھ کر دی۔ ایک شیئر ہولڈر کمل نے، جس کے پاس 1,000 شیئر تھے، فرسٹ کال اور دوسری اور آخری کال کی ادائیگی نہیں کی۔ اس کے شیئر ضبط کر لیے گئے۔ ضبط کیے گئے شیئروں کو 120 ₹ فی شیئر کی نظرِ ثانی شدہ قیمت پر دوبارہ جاری کر دیا گیا۔

مذکورہ لین دین کے لیے کمپنی کی کتابوں میں لازمی روزنامچہ اندراجات کیجیے۔

8

17. 31 مارچ، 2014 کو آبھا اور ونے کی بیلنس شیٹ اس طرح تھی :

| واجبات | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|
| قرض خواہ (لینڈار) | 13,000 | بینک | 15,000 |
| ملازمین کا پراوڈنٹ فنڈ | 8,000 | قرض دار (دین دار) 22,000 | |
| ملازمین کا معاوضہ فنڈ | 15,000 | منہا - مشکوک قرض | |
| سرمایہ : آبھا 55,000 | | کے لیے 1,000 | 21,000 |
| ونے 30,000 | 85,000 | اسٹاک | 10,000 |
| | | پلانٹ اور مشینری | 60,000 |
| | | ساکھ | 10,000 |
| | | نفع ونقصان کھاتہ | 5,000 |
| | **1,21,000** | | **1,21,000** |

کمپنی کے منافع میں 1/4 حصّہ کے ساتھ چترا کو ایک ساجھے دار بنایا گیا۔ یہ فیصلہ کیا گیا :

(a) ₹ 1,500 کے ڈوبے قرضوں (Bad Debts) کو تحریر سے ہٹایا جائے گا۔

(b) ₹ 8,000 کا اسٹاک آبھا اور ونے نے کتاب میں درج قیمت پر انے منافع کے تناسب سے لے لیا۔ بقیہ اسٹاک کی قیمت ₹ 2,500 لگائی گئی۔

(c) پلانٹ اور مشینری اور ساکھ کی قیمت بالترتیب ₹ 32,000 اور ₹ 20,000 لگائی گئی۔

(d) چترا نے ساکھ کا اپنا حصّہ نقد ادا کیا۔

(e) چترا مناسب سرمایہ لائے گی اور آبھا اور ونے کے سرمائے کو نقد لاکر یا نقد کی ادائیگی کرکے ان کے منافع کے تناسب میں جوڑ دیا جائے گا۔

از سرِ نو اندازۂ قدر کھاتہ اور ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ تیار کیجیے۔

یا

للِت، مدھور اور نینا ساجھے دار تھے اور بالترتیب 30%، 50% اور 20% منافع تقسیم کرتے تھے۔ 31 مارچ، 2013 کو ان کی بیلنس شیٹ اس طرح تھی :

| واجبات | رقم ₹ | اثاثے | رقم ₹ |
|---|---|---|---|
| قرض خواہ (لین دار) | 28,000 | نقد | 34,000 |
| پراوی ڈینٹ فنڈ | 10,000 | دین دار 47,000 | |
| سرمایہ میں اتار چڑھاؤ کا فنڈ | 10,000 | منہا : ڈوبتے اور | |
| | | مشکوک قرض کے لئے 3,000 | 44,000 |
| سرمایہ : | | اسٹاک | 15,000 |
| للِت 50,000 | | سرمایہ | 40,000 |
| مدھور 40,000 | | ساکھ | 20,000 |
| نینا 25,000 | 1,15,000 | نفع اور نقصان کھاتہ | 10,000 |
| | **1,63,000** | | **1,63,000** |

اس تاریخ کو مدھور نے ریٹائرمنٹ لے لیا اور للِت اور نینا نے مندرجہ ذیل شرطوں پر ساجھے داری کو جاری رکھنے کا فیصلہ کیا :

(a) کمپنی کی ساکھ کی قدرو قیمت 51,000 ₹ کی جائے گی۔

(b) ملازمین کے معاوضہ کے لیے 6,000 ₹ کا دعویٰ تھا۔

(c) سرمایہ کاری کو کم کرکے 15,000 ₹ کیا گیا۔

(d) ڈوبے قرضوں کے لیے شق کو 1,000 ₹ کم کیا گیا۔

(e) مدھور کو نقد 10,300 ₹ کی فوری ادائیگی کر دی گئی اور بقیہ رقم کو اس کے قرضہ کھاتے میں منتقل کر دیا گیا جس کی ادائیگی 12% فی سال شرحِ سود کے ساتھ دو برابر قسطوں میں کی جانی تھی۔

ازسرِنو اندازہٗ کھاتہ، ساجھے داروں کا سرمایہ کھاتہ اور مدھور کا قرضہ کھاتہ تیار کیجیے جب تک کہ قرض کی ادائیگی نہ ہو جائے۔

## حصّہ – B

## (Option-I)

## (مالیاتی بیانات کا تجزیہ)

## (Analysis of Financial Statements)

18. ایک فنانشل کمپنی، کاویری لمٹیڈ نے سال کے دوران 12% کی شرح سے 5,00,000 ₹ کے قرض اور پیشگی رقم لی۔ نقد مالیاتی گوشوارہ تیار کرتے وقت اسے مندرجہ ذیل میں سے کس قسم کی سرگرمی میں شامل کیا جائے گا ؟ **1**

(a) سرمایہ کاری کی سرگرمی

(b) مالی سرگرمی

(c) سرمایہ کاری اور مالی دونوں سرگرمیاں

(d) عملی جاتی سرگرمی (آپریٹنگ ایکٹیویٹی)

19. جی۔ لمٹیڈ کاغذ تیار کرنے کا کاروبار کرتی ہے۔ موجود سال میں اس نے 30,00,000 ₹ کی مشینری خریدی۔ اس نے اپنے ملازمین کو 60,000 ₹ کی تنخواہ ادا کی۔ اسے توسیع کے لیے فائنس (رقم) کی ضرورت تھی اس لیے اس نے 20,00,000 ₹ کے شیئر کا اجرا کیا۔ موجودہ سال میں اس نے 9,00,000 ₹ کا منافع کمایا۔ عملی سرگرمیوں (آپریٹنگ ایکٹیویٹیز) سے نقد سیال کا حساب کتاب لگایئے۔ **1**

20. (a) کمپنی قانون 1956 کے شیڈیول VI حصّہ I کے مطابق درج ذیل مدوں کو کن اہم عنوانات اور ذیلی عنوانات کے تحت ظاہر کیا جائے گا ؟

(i) بینک اووَر ڈرافٹ

(ii) چیک دردست

(iii) لوز ٹولس (Loose Tools)

(iv) طویل مدتی شقیں

(b) مالیاتی گوشوارے کے تجربے کی کوئی سی دو حدود (Limitations) بیان کیجیے۔ **(2 + 2 = 4)**

21. درج اطلاعات کی بنیاد پر سرمایہ کاری پر بازادائیگی کا حساب لگائیے :

سودا اور ٹیکس کے بعد خالص منافع 60,000 ₹ ؛

10% ڈبینچرز 10,00,000 ₹

ٹیکس @ 40%

سرمایہ 80,00,000 ₹ 4

22. لِلت پلاسٹک لمٹیڈ کا مینجنگ ڈائریکٹر وینیت تھا۔ پچھلے 6 برسوں سے کمپنی لگاتار اچھا منافع کما رہی تھی۔ وینیت نے قیادت کا جمہوری انداز اپنا رکھا تھا۔ وہ اپنے ماتحتوں کے بہتر تجاویز مان کر ان کے احترام کرنے میں یقین رکھتا تھا۔ کمپنی نے علاقے میں ایک اسکول بھی کھول رکھا تھا اور کمپنی علاقے کی صفائی میں بھی تعاون کرتی تھی۔ 31 مارچ، 2014 کو لِلت پلاسٹک لمٹیڈ کا نفع ونقصان کا موازنہ جاتی گوشوارہ درج ذیل تھا :

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 2012-13 ₹ | 2013-14 ₹ | قطعی تبدیلی ₹ | فیصد تبدیلی |
|---|---|---|---|---|---|
| عمل سے حاصل منافع | | 12,00,000 | 16,00,000 | 4,00,000 | 33.33 |
| منہا : ملازمین کے فوائد کے اخراجات | | 3,00,000 | 4,00,000 | 1,00,000 | 33.33 |
| منافع سے قبل ٹیکس | | 9,00,000 | 12,00,000 | 3,00,000 | 33.33 |
| ٹیکس @ 40% | | 3,60,000 | 4,80,000 | 1,20,000 | 33.33 |
| ٹیکس کے بعد منافع | | 5,40,000 | 7,20,000 | 1,80,000 | 33.33 |

(a) 31 مارچ، 2013 اور 2014 کو ختم ہوئے سالوں کے لیے خالص منافع کے تناسب کا حساب لگائیے۔

(b) ایسی کسی دو اخلاقی قدروں کی پہچان کیجیے جو مذکورہ معاملے میں سماج تک پہنچ رہی ہیں۔ 4

23. 31 مارچ، 2014 کو شریشٹھا لمٹیڈ کی بیلنس شیٹ اس طرح تھی :

| تفصیلات | نوٹ نمبر | 31-3-2014 (₹) | 31-3-2013 (₹) |
|---|---|---|---|
| **ایکوٹی اور واجبات :** | | | |
| (1) شیئر ہولڈروں کا فنڈ : | | | |
| (a) شیئر کیپٹل | | 20,00,000 | 15,00,000 |
| (b) محفوظ اور اضافی | 1 | 5,00,000 | 3,00,000 |
| (2) غیر رواں واجبات | | | |
| طویل مدتی قرضے | | 3,00,000 | 2,00,000 |
| (3) رواں واجبات | | | |
| (a) کاروباری ادائیگیاں | 2 | 1,50,000 | 2,00,000 |
| (b) مختصر مدتی شقیں | | 70,000 | 60,000 |
| **کُل جمع** | | **30,20,000** | **22,60,000** |
| **اثاثے :** | | | |
| (1) غیر رواں اثاثے | | | |
| (a) مقرر اثاثے | | | |
| (i) ماڈی | 3 | 19,00,000 | 15,00,000 |
| (ii) غیر ماڈی | 4 | 4,70,000 | 2,70,000 |
| (2) رواں اثاثے | | | |
| (a) اسٹاک (مال کی فہرست) | | 2,50,000 | 1,60,000 |
| (b) کاروباری وصولیابیاں | | 2,10,000 | 2,10,000 |
| (c) نقد اور نقد جیسی | | 1,90,000 | 1,20,000 |
| **کُل جمع** | | **30,20,000** | **22,60,000** |

کھاتوں کے نوٹس :

| نمبر شمار | تفصیلات | 31-3-2014 کو (₹) | 31-3-2013 کو (₹) |
|---|---|---|---|
| .1 | محفوظ اور اضافی | | |
| | اضافی (نفع اور نقصان کے گوشوارے میں بقایا) | 5,00,000 | 3,00,000 |
| .2 | مختصر مدّتی شقیں | | |
| | ٹیکس کے لیے شقیں | 70,000 | 60,000 |
| .3 | مادّی اثاثے | | |
| | مشینری مجموعی فرسودگی | 27,00,000 | 21,00,000 |
| .4 | غیر مادّی اثاثے | (8,00,000) | (6,00,000) |
| | ساکھ | 4,70,000 | 2,70,000 |

درج ذیل ایڈجسٹ منٹ کو نظر میں رکھتے ہوئے ایک نقد سیّال گوشوارہ (Cash Flow Statement) تیار کیجیے :
سال کے دوران ایک مشینری کو جس کی لاگت 30,000 ₹ تھی اور جس پر مجموعی فرسودگی 6,000 ₹ تھی، 20,000 ₹ میں فروخت کر دیا گیا۔ 6

## حِصّہ – C

## (Option-II)

## (کمپیوٹرائزڈ کھاتے داری)

## (Computerised Accounting)

.18 کھاتوں کی گروہ کاری کا مطلب ہے اعدادوشمار (ڈاٹا) کی درج ذیل طریقوں سے زمرہ بندی : 1

(a) اثاثے، واجبات اور سرمایہ

(b) اثاثے، مالک کی ایکوٹی، آمدنی اور خرچ

(c) آمدنی اور خرچ

(d) اثاثے، سرمایہ، واجبات، آمدنی، آمدنی اور خرچ

19. 'ڈاٹا بیس ڈیزائن' کا مطلب ہے :

(a) پورے ڈاٹا بیس کے مختلف حصّوں کے ڈھانچے کا بیان

(b) سافٹ ویئر کا بنیادی ڈیزائن

(c) کی بورڈ اور سی پی یو کا ڈیزائن

(d) ان میں سے کوئی نہیں 1

20. 'ڈیسک ٹاپ ڈاٹا بیس' اور 'سرور ڈاٹا بیس' میں کوئی سے چار بنیادوں پر فرق کیجیے۔ 4

21. 'ٹیلی' میں زمرہ بند کیے گئے مختلف قسم کے 'اکاؤنٹنگ واؤچرس' کی وضاحت کیجیے۔ 4

22. گراف / چارٹ کے استعمال کے کوئی دو فائدے بیان کیجیے۔ 4

23. درج ذیل فارمیٹنگ ٹولز (Formatting Tools) میں سے ہر ایک کو مثالوں کے ساتھ سمجھائیے :

(i) کرنسی

(ii) فیصد

(iii) تاریخ 6